## سوال

(167)زکوۃاورصدقہ فطراپنے ہاتھ سے دینا جائز ہے یا نہیں۔

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زکوۃاورصدقہ فطر کا روپیہ یا مال اپنے ہاتھ سے دینا جائز ہے یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسلمانوں کا اگرامام یعنی خلیفہ ہے، توزکوۃاورصدقہ الفطرامام کودینا چاہیے۔ والااپنے ہاتھ سے اس کے مصارف میں صرف کرے۔

((عن جریر بن عبداللہ قال قال رسول اللہ ﷺ اذااتاکم المصدق فلیصدر عنکم راض رواہ مسلم وغیرہ وعن جریر ابن عبداللہ قال جاء تاس یعنی من الاعراب فی رسول اللہ وان ظلمونا قال ارضوا مصدقیکم وان ظلمتم رواہ ابوداود وعن جابر بن عتیک قال قال رسول اللہ ﷺ سیا تیکم رکبی مبغضون فاذاجاؤکم فرحبوابہم دخلوابینہم وبین ماء یبتغون فان عدلوافلانفسہم وان ظلموا فعلیہم وارضوہم فان تمام زکوٰتکم رضاہم ولیدعوالکم رواہ ابوداؤدوبکذافی مشکوۃ المصابیح))

اور تلخیص الجبیر میں ہے:

((حدیث ان سعد بن ابی وقاص وابا ہریرۃ وابا سعید الخدری مسئلوا عن الصرف الی الولاۃ الجائرین فامروا بہ رواہ سعید بن منصور عن عطاف بن خالد وابی معاویہ وابن ابی شیبۃ عن بشر بن المفضل ثلاثتہم عن سہیل بن ابی صالح عن ابیہ اجتمع نفقۃ عندی فیما صدقتی یعنی بلغت نصاب الزکوۃ فسلت سعد بن ابی وقاص وابن عمر وابا ہریرۃ وابا سعید الخدری اقسمہا اوافعہا الی السلطان فقالوافعہا الی السلطان ما اختلف علی منہم احدوفی روایۃ قالت لہم ہذا السلطان یفعل ماترون فادفع الیہ زکوۃ فقالوا نعم رواہ البیہقی عنہم وعن غیرہم ایضاً وروی ابن ابی شیبۃ من طریق قمزعۃ قال قلت لابن عمر ان لی مالا فالی من ادفع الزکوۃ قال ادفعہا الی ہولاء القوم یعنی الامراء قلت اذایحتزوں بہاشیاباً وطیبا قال وان ومن طریق نافع قال قال ابن عمر اوفعوااموالکم الی من ولاہ اللہ امرکم فمن برفلنفسہ ومن اثم فعلیہا فی الباب عندۂ عن ابی بکر الصدقی وعن المغیرۃ بن شعبہ وعائشۃ انتہیٰ۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم))

(کتبہٗ محمد بشیر عفی عنہٗ (سید محمد نذیر حسین) (فتاویٰ نذیریہ جلد اول ص ۵۰۴)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

**جلد 7 ص 289**